خطبہ نماز عید الفطر میں رہبر انقلاب اسلامی نے ملک اور علاقے کی صورتحال پر روشنی ڈالی - 28 /Jun/ 2017

رہبرانقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے آج صبح مصلائے امام خمینی (رح) میں عیدالفطر کے عظیم اجتماع میں نمازیوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ تمام اسلامی ممالک کو واضح طور پر یمن کے مظلوم عوام کی حمایت کرنی چاہیے اور ان ظالموں اور ستمگروں سے جنہوں نے ماہ مبارک رمضان میں بھی مظلوم عوام کے خلاف جارحیت کی ان سے بیزاری کا اعلان کرنا چاہئیے۔

آپ نے فرمایا کہ ایرانی قوم یمن، بحرین اور کشمیر کے عوام کی حمایت کرنے کے لئےعالم اسلام کی اس عظیم تحریک میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے ۔

حضرت آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے فرمایا کہ اسلامی جمہوریہ ایران دشمنوں اور جارحین کے خلاف اپنے موقف کا واضح طور پر اعلان کرتا ہے اور عالم اسلام خاص طور سے علماء اور روشن فکر شخصیات کو بھی ایسا ہی کرنا چاہئیے حتی کہ اگر استکبار اس سے ناراض ہی کیوں نہ ہو۔

قائد انقلاب اسلامی نے فرمایا کہ ایران کی بہادر قوم نے سخت گرمی کے باوجود یوم القدس کی ریلیوں میں اپنی ولولہ انگیز اورعظیم شرکت کے ساتھ ایک نئی تاریخ رقم کی اور یہ سب اسلامی جمہوریہ ایران کے لئے ایک بڑی کامیابی ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے انتخابات میں عوام کی عظیم شرکت اور سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی کی جانب سے شام میں دہشت گردوں کے خلاف میزائلی کارروائی کا ذکر کرتے ہوئے اسے ایرانی قوم کے لئے سرافرازی سے تعبیر کیا۔